127

اخبار اقبالیات

مرتبہ :۔ ڈاکٹر وحید عشرت

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

اقبالیات

۱۱-	شیخ محمد اقبال	رومانی انگریزی شعراء کے علامہ پر اثرات	ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی	۱۹۹۳ء
۱۲-	غلام رسول محمد	اقبال اور امکانات مذہب (آخری خطبے کا تحقیقی و توضیحی مطالعہ)	ڈاکٹر وحید اختر عشرت	۱۹۹۳ء
۱۳-	محمد اشفاق چغتائی	علامہ اقبال کا تصور وجود و شہود	پروفیسر ابصار احمد	۱۹۹۳ء
۱۴-	عبدالوحید	بانگ درا حصہ دوم کا تحقیقی مطالعہ مع تعلیقات	ڈاکٹر محمد صدیق خان شبلی	۱۹۹۳ء
۱۵-	افضال احمد انور	علامہ اقبال کی اردو نظم کا ارتقاء	ڈاکٹر سید احسن زیدی	۱۹۹۳ء
۱۶-	شمیم اختر	ڈاکٹر سید عبداللہ کی اقبال شناسی	ڈاکٹر محمد ریاض	۱۹۹۳ء
۱۷-	ارشاد فضل احمد	تصانیف اقبال کے پنجابی تراجم کا تحقیقی مطالعہ	ڈاکٹر رحیم بخش شاہین	۱۹۹۲ء
۱۸-	خورشید احمد شکوری	علامہ اقبال کی سوانح عمریوں کا تحقیقی جائزہ، مطبوعہ ۱۹۷۶ء-۱۹۸۸ء	ڈاکٹر محمد ریاض	۱۹۹۳ء
۱۹-	گل زرینہ آفتاب	بانگ درا حصہ "اول" حواشی و تعلیقات	ڈاکٹر محمد ریاض	۱۹۹۳ء
۲۰	محمد سعید خان	اقبال اکادمی، علمی خدمات کا ایک جائزہ	خواجہ حمید یزدانی	۱۹۹۳ء

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

ڈاکٹر عبدالسلام خورشید کا انتقال

ممتاز استاد و صحافی ڈاکٹر عبدالسلام خورشید ۱۱ فروری ۱۹۹۵ء کو لاہور میں علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ مرحوم ذکر اقبال کے مصنف اور اخبار انقلاب کے مدیر مولانا عبدالمجید سالک مرحوم کے صاحبزادے تھے جن کا علامہ اقبال سے گہرا تعلق تھا۔ مرحوم نے قیام پاکستان سے قبل ۱۹۳۷ء میں ڈاکٹر علامہ اقبال کی رہنمائی میں حمید نظامی مرحوم اور میاں محمد شفیع مرحوم (م۔ ش) کے اشتراک سے پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے پرچم تلے تحریک پاکستان کے لیے کام کیا۔ ڈاکٹر عبدالسلام خورشید نے صحافت کے پیشے کا آغاز اپنے والد مرحوم مولانا عبدالمجید سالک کے روزنامہ انقلاب سے کیا۔ اس کے بعد مختلف نیوز ایجنسیوں میں کام کرتے رہے ۱۹۵۱ء میں مرحوم کو شعبہ صحافت پنجاب یونیورسٹی کا چیئرمین بنایا گیا اور ۱۹۷۹ء میں آپ پروفیسر کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ مرحوم نے صحافت 'تحریک پاکستان' قائد اعظم' ملی اور تاریخی موضوعات پر ڈیڑھ سو کے لگ بھگ کتب تصنیف کیں۔ ڈاکٹر خورشید نے ایک طویل عرصہ تک اقبال اکادمی کے خازن کے فرائض سرانجام دیے اور علامہ اقبال کی شخصیت اور افکار پر "سرگذشت اقبال" کے نام سے ایک کتاب تحریر کی۔ برصغیر کی صحافت پر انہوں نے تحقیقی کام کیا۔ متعدد اخبارات و رسائل میں مقالات لکھے۔ اقبال اکادمی پاکستان میں ان کی وفات پر اظہار تعزیت کے لیے ایک نشست ہوئی اور دعائے مغفرت کی گئی۔

ڈھاکہ میں بین الاقوامی اقبال کانگرس

گذشتہ دنوں اقبال اکادمی سنگسد (اقبال اکادمی) کے سیکرٹری عبدالواحد پاکستان آئے جہاں انہوں نے اقبال اکادمی پاکستان کے ناظم ڈاکٹر وحید قریشی' نائب ناظم محمد سہیل عمر معاون ناظم (ادبیات) ڈاکٹر وحید عشرت کے علاوہ متعدد ماہرین اقبالیات سے ملاقات کی۔

عبدالواحد نے بتایا کہ اقبال سنگسد' ڈھاکہ بنگلہ دیش میں ایک بین الاقوامی اقبال کانگریس نومبر ۱۹۹۵ء میں منعقد کرے گی جس میں دنیا بھر سے ماہرین اقبالیات کو شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ اس کانگریس میں جنوبی ایشیا بالخصوص بنگلہ دیش کے مسائل پر بھی ایک نشست رکھی جائے گی۔

اقبال اکادمی ۔ ایوان اقبال میں

اقبال اکادمی جو کراچی سے لاہور آنے کے بعد دربدری کا شکار رہی اب ایوان اقبال میں آگئی ہے ۔ اس کا دفتر اور لائبریری چھٹی منزل پر ہے ۔ چھٹے فلور کے ایک حصے میں دفتر اور دوسرے حصے میں لائبریری قائم کی گئی ہے تاہم جگہ کی کمی کی وجہ سے شعبہ فروخت اور سٹور ابھی تک ۱۱۶ میکلوڈ روڈ لاہور پر ہی رہے گا ۔ ایوان اقبال میں اس کے لیے جگہ فراہم نہیں کی گئی جونہی پہلے فلور پر شعبہ فروخت اور سٹور کے لیے جگہ دستیاب ہوئی یہ بھی ایوان اقبال میں منتقل کر دیے جائیں گے ۔

اقبال فاونڈیشن یورپ کی اقبال کانگریس کے انعقاد کی تیاریاں

اقبال فاونڈیشن یورپ کی رکن بلجیم کی کیتھولک یونیورسٹی لووین کی استاد ' ممتاز ماہر بشریات اور سیاسیات محترمہ برگیٹ پکورڈ معروف اقبال شناس پاکستانی سفارت کار توحید احمد صاحب کے ساتھ اقبال اکادمی آئیں تاکہ یورپی ممالک کی سطح پر ایک اقبال کانگریس منعقد کی جا سکے ان کے ہمراہ اقبال اکادمی برطانیہ ۔ کے سربراہ ڈاکٹر سعید اختر درانی بھی تھے ۔ اقبال اکادمی پاکستان کے ناظم ڈاکٹر وحید قریشی نے کانگریس کے انعقاد میں گہری دلچسپی ظاہر کی اور ہر قسم کے تعاون کا یقین دلایا ۔ اقبال کانگریس کے پروگرام اور انعقاد کی تاریخ کا بعد میں اعلان ہو گا تاہم اس سلسلے میں انتظامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

برطانیہ میں اسلامک آرٹ کانفرنس میں اقبالیات پر خصوصی نشست

اقبال اکادمی برطانیہ کے سربراہ ڈاکٹر سعید اختر درانی نے ناظم اقبال اکادمی ڈاکٹر وحید قریشی کو بتایا کہ برطانیہ میں امسال اسلامک آرٹ کی ایک بین الاقوامی کانفرنس منعقد کی جا رہی ہے جس میں اسلامی فنون لطیفہ پر مقالات پڑھے جائیں گے ۔ ڈاکٹر این ' میری' شمل ' ڈاکٹر حسین نصر اور پروفیسر جگن ناتھ آزاد کی اس کانفرنس میں شمولیت متوقع ہے ۔ اس کانفرنس میں اقبالیات کے لیے ایک سیکشن مخصوص کیا گیا ہے ۔

ACADEMY PAKISTAN
LIBRARY.
NO........
20921
LAHORE